© rasailojaraid.com

اور کہاں کمزور ایمان ہے، کہاں جذباتی ایمان ہے، کہاں شعوری، کہاں کفر ہے اور کہاں شرک اور کہاں نفاق!

اسلامی حکومت قائم ہونے کا طریقہ یہ بتایا گیا ہے کہ اس کام کے لیے مطلوبہ مسلم جب برسرِ اقتدار آئے گا تو وہ آتے ہی اسلامی حکومت کا اعلان کر دے گا۔ (ص ۱۹-۲۰) یعنی فی الحال آرام سے اپنے اپنے مشاغل میں لگے رہو، اور کمیونسٹوں کو، نسل پرستوں اور علاقائیت پسندوں اور چانکیائیت کو اور صہیونیت کو اور تخریب کاری اور جرائم کو خوب پنپنے دو۔ آخر کبھی نہ کبھی آنے والا آ ہی جائے گا! سبحان اللہ!

---

**محبت فاتحِ عالم** | ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان — ناظم آباد - کراچی ۱۸

حکیم سعید صاحب علم و اخلاق کے فروغ کے لیے نت نئی راہیں نکالتے اور تجربے کرتے رہتے ہیں۔ ایک سلسلہ انہوں نے "مشاعرہ ہمدرد نونہال" کا شروع کیا ہے۔ ایسے ہی ایک مشاعرے میں "محبت فاتحِ عالم" کے عنوان سے نونہالوں نے جو نظمیں پیش کیں، ان کا ایک مجموعہ (غیر کتابی صورت میں) ہمیں موصول ہوا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ نئی نسلوں میں بھی دین و وطن کے لیے محبت و وحدت کے جذبات موجود ہیں، نیز بچوں سے کام لینے کی راہیں نکالی جائیں تو وہ حیرت ناک حد تک حصہ لیتے ہیں۔

---

**فضول خرچ** | محمد اکرم قریشی ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری - مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ

**متفقہ شریعت بل** | احیائے دین لائبریری - مسجد ضلع کچہری - سیالکوٹ۔

**ایک سوال** | جناب راحت گل - مرکز علوم اسلامیہ راحت آباد - پشاور - سرکاری تعلیمی نظاموں پر تنقید۔

**نوائے حق** | ابن عبدالشکور - مکتبہ ذکری رام پور - بھارت - پاکستان میں اسلامک پبلیکیشنز لاہور سے طلب کیجیے - قیمت ۱ء۲۵

---

© rasailojaraid.com